غزوہ بدر کے موقع پر حضور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے کون سی دعا مانگی؟

مجیب: ابو احمد محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1664

تاریخ اجراء: 02ذوالقعدۃالحرام1444ھ/22مئی2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

غزوہ بدر کے موقع پر حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے کیا دعا فرمائی تھی؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

غزوہ بدر کے موقع پر حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے جو دعا مانگی اور جس کا تذکرہ حدیثِ مبارکہ میں بھی موجود ہے اس کا مفہوم کچھ یوں ہے کہ: "اے اللہ! تونے مجھ سے جو وعدہ کیا ہے اسے میرے لیے پورا فرما۔ اے اللہ! تو نے جو مجھ سے وعدہ کیا ہے، وہ مجھے عطا فرما۔ اے اللہ! اگر اہل اسلام کی یہ جماعت ہلاک ہو گئی تو زمین پر تیری عبادت نہ ہو گی۔

صحیح مسلم میں مروی ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنھما نے فرمایا" حدثني عمر بن الخطاب، قال: لما كان يوم بدر نظر رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى المشركين وهم ألف، وأصحابه ثلاث مائة وتسعة عشر رجلا، فاستقبل نبي الله صلى الله عليه وسلم القبلة، ثم مد يديه، فجعل يهتف بربه: «اللهم أنجز لي ما وعدتني، اللهم آت ما وعدتني، اللهم إن تهلك هذه العصابة من أهل الإسلام لا تعبد في الأرض" ترجمہ: مجھے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ نے بیان فرمایا کہ بدر کے دن رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے مشرکین کی طرف نظر فرمائی وہ ایک ہزار تھے اور آپ علیہ الصلاۃ والسلام کے صحابہ 319 کی تعداد میں تھے، تو اللہ تعالی کے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے قبلہ کی طرف چہرہ کر کے اپنے ہاتھوں کو پھیلایا اور گڑگڑا کر اپنے رب تعالی سے یوں دعا کرنے لگے: "اے اللہ تو نے مجھ سے جو وعدہ کیا اسے پورا فرما، اے اللہ تو نے

جس چیز کا مجھ سے وعدہ کیا وہ مجھے عطا فرما، اے اللہ اہل اسلام کا یہ گروہ اگر ہلاک ہو گیا تو زمین میں تیری عبادت نہ ہو گی۔" (صحیح مسلم، کتاب الجهادوالسير، ج3، ص1383، حديث1763، دار إحياء التراث العربي، بيروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net